بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وقال ربکم ادعونی استجب لکم

(تمہارے رب نے کہا مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا کو قبول کروں گا)

(القرآن)

قرآن وحدیث سے منقول دعائیں

مؤلف

(مولانا) معاذ الاسلام قاسمی سنبھلی

ناشر

جامعۃ البنات المسلمات لاپور مراد آباد

فہرستِ عنوانات "قرآن وحدیث سے منقول دُعائیں"

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
دُعا کی فضیلت واہمیت	۳ تا ۶	دوسرے کے یہاں کھانے کی دُعاء	۱۷
افضل ذکر، ہمیشہ اکلمہ، ۵ محبوب کلمے	۷	دودھ پیتے، کپڑا پہنتے، دولہا و دولہن کو مبارکباد کے وقت۔	"
ایمان مفصّل	"	کسی کو رخصت کرتے وقت۔	"
دُرود شریف، استغفار، توبہ، کسی کو مصیبت میں دیکھ کر۔	۸	سفر اور سواری پر سوار ہوتے وقت	۱۸
شفا، تعزیت، نمازِ جنازہ کی دُعائیں	۹	اور واپس آنے کے بعد۔	"
دُعاء قنوت اور زیارت قبور کی دُعاء	۱۰	بادل، بارش، نیا پھل دیکھنے اور	۱۹
جب کوئی احسان کرے	۱۱	ملاقات اور مصافحہ کے وقت۔	
خطرہ ومصیبت کے وقت اور قرض کی ادائیگی کے لئے دُعاء۔	"	صدمہ، چھینک، بازار جانے، بُرا خواب دیکھنے کی دُعائیں۔	۲۰
نعمت ملنے اور چیز اچھی لگنے پر۔	۱۲		"
صبح وشام اور سوتے وقت کی دُعائیں۔	"	مغفرت اور عفو کی دُعائیں۔	۲۱
سوکر اٹھنے، بیت الخلاء میں جاتے اور نکلتے وقت۔	۱۳	اخلاق وصفاتِ حسنہ کی دُعائیں	۲۲ تا ۲۴
وضو کے وقت کی دُعائیں	"	اخلاق ورُوحانی امراض وعیوب سے نجات کی دُعائیں۔	"
اذان اور مسجد میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت۔	۱۴	انسانی ضروریات کی دُعائیں۔	"
سلام پھیر کر وتر اور فرضوں کے بعد۔	۱۵	دنیاوی مکروہات اور بلاؤں سے حفاظت کے لئے۔	۲۸، ۲۹
چاند دیکھنے اور روزہ افطار کی دعائیں	"	دین وایمان، خدا کی محبت خوف وخشیت کی دعائیں	۳۰ تا ۳۳
دوسرے کے یہاں افطار کرنے، تراویح اور کھانے کے وقت۔	۱۶	رسول اللہ کی دین ودنیا کی جامع دُعائیں۔	۳۴، ۳۵
		قرآن کی دعائیں، چند اوراد ووظائف	۳۶ تا ۴۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دُعاء کی فضیلت و اہمیت

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دَاخِرِیْنَ جو لوگ میری عبادت یعنی دُعاء سے تکبر کرتے ہیں قریب ہے کہ وہ ذلیل و خوار دوزخ میں داخل ہوں گے۔

- حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہے کہ سختیوں میں اللہ تعالیٰ اس کی دُعاء کو قبول کرے تو اس کو چاہیئے کہ حالتِ فراخی میں کثرت سے دُعاء کرے۔ (ترمذی شریف)
- حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کو چاہیئے اپنے رب سے اپنی تمام حاجتیں مانگے یہاں تک کہ اگر جوتے کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو وہ بھی اسی سے مانگے۔ (ترمذی شریف)
- ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ دُعا مانگے ایسی دُعاء کہ نہو اس میں مانگنا گناہ کا اور نہ توڑنا ناتے کا مگر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اس دُعا کے سبب تین چیزوں میں سے ایک چیز، یا یہ کہ جلدی دے اسکے لئے اسکا مطلب اور یا یہ کہ اس کے مانند اس سے بُرائی کو پھیر دیوے اور یا یہ کہ ذخیرہ کر رکھے اسکے لئے دُعاء کو اور دے آخرت میں۔ صحابہؓ نے عرض کیا اب تو ہم بہت دُعاء کریں گے۔ فرمایا اللہ کا فضل بہت زیادہ ہے۔ (رواہ احمد)
- ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبولیت کے یقین کے ساتھ اللہ سے دُعاء مانگو اور جانو کہ اللہ تعالیٰ غافل اور کھیلنے والے دل سے دُعاء قبول نہیں کرتا۔ (ترمذی شریف)

ایک عجیب واقعہ

ابن ظفر نے کتاب النصائح میں لکھا ہے کہ میں اُندلس کی سرحد میں داخل ہوا تو وہاں ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی جو ذی علم اور فقیہ تھا۔ قرطبہ کا رہنے والا تھا۔ اس نے اپنی گفتگو اور علمی تذکروں سے مجھے مانوس کرلیا۔ میں نے ایک مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ دُعا کی یَامَنْ قَالَ: وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ اے وہ ذات جس نے کہا اللہ سے اُسکا فضل مانگو، تو اس نے کہا: اس آیت کے متعلق میں تم کو ایک عجیب واقعہ سُناتا ہوں۔ اسنے اپنے بعض اسلاف کے حوالہ سے بیان کیا کہ ہمارے پاس طلیطلہ سے دو راہب آئے جو وہاں عظیم المرتبت تھے اور عربی جانتے تھے انہوں نے اپنے اسلام کو ظاہر کیا اور قرآن پاک اور فقہ کو سیکھا۔ لوگوں نے انکے بارے میں مختلف رائیں قائم کیں۔ میں ان کو اپنے پاس بُلا لایا اور ہر طرح خبر گیری کرنے لگا۔ وہ دونوں بوڑھے تھے۔ ایک تو جلد ہی انتقال فرما گئے اور دوسرے چند سال زندہ رہے۔ پھر جب وہ مریض ہوئے تو میں نے ان سے اسلام لانے کا سبب دریافت کیا، انہوں نے میرے اس سُوال کو ناپسند کیا مگر میں نے نرم انداز اپنایا تو انہوں نے فرمایا کہ اہلِ قرآن (مسلمانوں) میں سے ایک امیر اس کنیسہ کی خدمت پر مامور تھا اس کے صومعہ میں ہم تھے۔ ہم نے اس کو اپنی خدمت کے لئے مختص کرلیا اور وہ عرصۂ دراز تک ہمارا مصاحب رہا ہم نے اس سے عربی زبان سیکھ لی، اور اس کی کثرتِ تلاوت سے قرآن کی بہت سی آیات بھی یاد کرلیں۔ ایک دن قرآن کی یہ آیت پڑھی وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ تو میں نے اپنے ساتھی سے جو بہت زیرک اور صاحب الرائے تھے کہا کہ کیا آپ اس آیت کے دعووں کو نہیں سُنتے۔ انہوں نے مجھ کو ڈانٹ دیا پھر اس نے ایک دن یہ آیت پڑھی وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ تمہارے رب نے کہا مجھ سے دُعا مانگو میں تمہاری دُعا کو قبول کرونگا۔ میں نے ساتھی سے کہا کہ یہ آیت تو پہلی سے بھی زیادہ شدید ہے۔ انہوں نے کہا میرے خیال میں بات ایسی ہی ہے جیسا کہ مسلمان کہتے ہیں۔ اور عیسیٰ علیہ السلام نے انہی کے مُصاحب کی بشارت

دی ہے۔ پھر ایسا ہوا ایک دن میرے حلق میں لقمہ اٹک گیا۔ کھانے پر شراب پلانے کے لئے وہ مسلمان اسیر ہمارے پاس کھڑا تھا۔ میں نے اس سے شراب کا پیالہ لیا مگر کچھ نہ ہوا تو میں نے اپنے دل میں کہا کہ اے رب محمد نے کہا کہ تو نے کہا ہے وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ اور تو نے یہ بھی کہا ہے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ تو اگر وہ سچے ہیں تو مجھ کو پانی پلا دے۔ فوراً ایک پتھر کی چٹان سے پانی کا چشمہ جاری ہو گیا۔ میں نے جھپٹ کر پانی پیا۔ جب میری ضرورت پوری ہو گئی تو پانی منقطع ہو گیا۔ اس واقعہ سے مسلمان نے اسلام میں شک کیا اور میں اسلام کی طرف راغب ہو گیا۔ میں نے ساتھی سے صورت حال بیان کی تو ہم دونوں مسلمان ہو گئے۔ دوسرے دن صبح کو جب وہ مسلمان اسیر آیا تو اپنے کو نصرانی بنانے کے لئے ہم سے اصرار کیا۔ ہم نے اسکو زجر کیا اور اپنی خدمت سے بھی علیحدہ کر دیا مگر وہ نصرانی ہو گیا اور اپنا دین چھوڑ دیا۔ پھر ہم اپنے بارے میں فکر مند ہوئے اور وہاں سے نکلنے اور خلاصی پانے کی کوئی راہ سمجھ میں نہیں آتی تھی۔ ساتھی نے کہا کیوں نہ ہم اس دُعار کیساتھ دُعار مانگیں۔ بس ہم نے اس دُعار کے ساتھ دُعار مانگی۔ اور دوپہر کو سو گئے تو خواب میں دیکھا کہ تین نورانی آدمی ہمارے معبد میں داخل ہوئے اور ان مورتوں کی طرف اشارہ کیا جو وہاں تھیں بس وہ سب مٹ گئیں۔ پھر انہوں نے ایک کرسی لاکر بچھائی۔ پھر انہی جیسی ایک نورانی جماعت آئی اور ان میں ایک نہایت حسین آدمی تھے وہ کرسی پر بیٹھے میں نے ان کے قریب کھڑے ہو کر دریافت کیا۔ کیا آپ سید مسیح ہیں، فرمایا نہیں بلکہ میں انکا بھائی احمدؐ ہوں۔ تو اسلام لے آ پس میں اسلام لے آیا۔ پھر میں نے کہا یا رسول اللہ ہمارے لئے آپ کی امت کے شہروں کی طرف جانے کی کیا سبیل ہو؟ تو ایک شخص سے جو سامنے کھڑا تھا فرمایا کہ ان کے بادشاہ سے کہو کہ مسلمانوں کے جس شہر میں یہ جانا چاہیں عزت و احترام کے ساتھ ان کو وہاں پہونچا دے۔ اور فلاں اسیر کو بُلا کر دین اسلام کی طرف واپس آنے کو کہے۔ وہ اگر ایسا کرے تو چھوڑ دیا جائے ورنہ اسکو قتل کر دیا جائے۔ میں نیند سے بیدار ہوا اور ساتھی کو جگایا اور جو دیکھا تھا وہ سُنایا۔ انہوں نے کہا اللہ تعالےٰ نے ہماری خلاصی

کی صورت پیدا فرمادی۔ کیا ان صورتوں کو نہیں دیکھتے سب مٹ گئیں۔ میں نے دیکھا تو سب مٹ گئی تھیں۔ اس کی وجہ سے میرا یقین اور زیادہ ہوگیا۔ پھر ساتھی نے کہا ہمیں بادشاہ کے پاس لے چلو۔ ہم اسکے پاس آئے۔ وہ بڑی تعظیم و اکرام سے پیش آیا۔ میرے ساتھی نے کہا فلاں اسیر اور ہمارے بارے میں تجھ کو جو حکم کیا گیا ہے اس پر عمل کرو۔ اس کا رنگ بدل گیا اور لرزہ طاری ہوگیا۔ پھر اس نے اسیر کو بلایا اور کہا تو مسلمان ہے یا نصرانی؟ اسنے کہا نصرانی، کہا، تو اپنے دین کی طرف لوٹ آ۔ جو آدمی اپنے دین کی حفاظت نہ کرسکے اس کی ہمیں ضرورت نہیں۔ اس نے کہا میں کبھی نہیں لوٹوں گا۔ اس نے تلوار نکال کر اس کو قتل کردیا۔ اور ہمیں عزت و اکرام کے ساتھ بہت سا سامان دیکر بیت المقدس پہونچا دیا۔

سب سے افضل ذکر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ — اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام ذکروں میں افضل ترین ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔

تیسرا کلمہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ — پاک ہے اللہ اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور اللہ بڑا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کلمہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مجھ کو اس پوری دُنیا سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج نکلتا ہے۔

دو محبوب کلمے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ — پاک ہے اللہ اور اس کی تعریف ہے۔ پاک ہے اللہ مرتبہ والا۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے پھلکے ہیں اور میزانِ عمل میں بہت بھاری اور اللہ کو بہت پیارے ہیں۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔

ایمان مفصل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ — ایمان لایا میں اللہ پر اور اسکے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اسکے رسولوں پر اور

خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بُری تقدیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ رحمت نازل فرما محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر جیسے رحمت نازل کی ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر بیشک تو تعریف اور بزرگی والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ برکت نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر جیسے تو نے برکت نازل کی ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔

استغفار و توبہ

مختصر اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں۔

دیگر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں، نہیں ہے اسکے علاوہ کوئی معبود، زندہ ہے اور قائم رہنے والا میں اس سے توبہ کرتا ہوں۔

کسی کو مصیبت میں دیکھ کر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ

اللہ کی حمد ہے جس نے تمہاری مصیبت سے مجھے عافیت اور اپنی مخلوقات سے بہتوں

مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا۔ پر مجھے فضیلت دی۔

عیادت کے وقت

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ کچھ حرج نہیں یہ (بیماری) پاک کرنیوالی ہے۔

دُعاءِ شِفاء

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

تکلیف دُور فرما اے لوگوں کے پالنے والے اسکو شفا دے، تو ہی شفا دینے والا ہے۔ تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں۔ ایسی شفا دے کہ کوئی شکایت باقی نہ رہے۔

تعزیت کے وقت

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى۔

ہم اللہ کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اللہ کیلئے ہے جو اس نے لیا اور اسی کیلئے ہے جو اس نے دیا۔ اور ہر چیز اس کے پاس مقررہ میعاد تک ہے۔

نمازِ جنازہ کی دُعاء

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ۔

اے اللہ ہمارے زندہ و مُردہ، ہمارے موجود و غائب، ہمارے چھوٹے اور بڑے، ہمارے مرد اور عورت کی مغفرت فرما۔ اے اللہ جس کو تو ہم میں سے زندہ رکھے اسکو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو تو اٹھائے اسکو ایمان پر اُٹھا۔

اگر بچہ ہو

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا۔

اے اللہ اس کو ہمارے لئے پیشرو بنا۔ اور ہمارے لئے اجر و ذخیرہ اور ہمارے لئے سفارش کرنیوالا بنادے جس کی سفارش قبول ہو۔

(نوٹ) اگر بچی ہو تو اِجْعَلْھَا اور شَافِعَۃً وَّمُشَفَّعَۃً پڑھے۔

زیارتِ قبور کی دعاء

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْئَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ۔

اے قبروں والے مومنو تم پر سلام ہو ہم یقیناً انشاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں۔ ہم اللہ سے اپنے اور تمہارے لئے عافیت چاہتے ہیں۔

دعاءِ قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ۔

اے اللہ ہم تیری مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے استغفار کرتے ہیں۔ اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اور تیری حمد و ثنا کرتے ہیں۔ اور تیرا شکر ادا کرتے ہیں، اور تیری نافرمانی نہیں کرتے۔ اور الگ ہوتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس کو جس نے تیری نافرمانی کی۔ اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیری ہی نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف دوڑتے ہیں، اور امید رکھتے ہیں تیری رحمت کی اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک تیرا عذاب کفار کو پہونچنے والا ہے۔

جب کوئی احسان کرے

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا۔ — اللہ تعالیٰ تجھ کو بہتر بدلہ دے۔

خطرہ و مصیبت کے وقت کی دعاء

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا۔ — کافی ہے ہم کو اللہ اور اچھا کارساز ہے۔ اللہ ہی پر توکل کیا ہم نے۔

قرض کی ادائیگی کے لئے دعاء

ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ — اے اللہ کفایت کر میری اپنا حلال رزق دیکر حرام روزی سے، اور بے پرواکر دے مجھے اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے۔

دوسری دعاء

سات سات بار صبح و شام پڑھے

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ — اے محمد آپ یوں کہئے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ جس کو چاہیں ملک دیدیتے ہیں اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں۔ اور جس کو چاہیں آپ غالب کر دیتے ہیں اور جس کو چاہیں پست کر دیتے ہیں۔ آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی۔ بیشک آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔

کسی نعمت کے حصول پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ۔ — اللہ کی حمد ہے جس کی نعمت کی برکت سے نیک کام ہوتے ہیں۔

کوئی چیز اچھی لگے

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ جو کچھ اللہ نے چاہا قوت صرف اللہ کی ہے۔

صبح و شام پڑھنے کی دعائیں

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو بندہ ہر صبح و شام تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو اُسے کوئی چیز ضرر نہ پہونچائے گی۔ اور کوئی ناگہانی بلا نہ پہونچے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ زمین یا آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی۔ اور وہ سُننے والا اور جاننے والا ہے۔

سوتے وقت کی دعائیں

(۱) اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ۔ (تین مرتبہ پڑھے)

اے اللہ جس روز تو اپنے بندوں کو اُٹھائے مجھے اپنے عذاب سے بچالے۔

(۲) اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَ اَحْیٰی۔

اے اللہ میں تیرے ہی نام پر مرتا اور جیتا ہوں۔

(۳) اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

اللہ کے پورے کلمات کے واسطے سے میں اللہ کے غضب اور اسکے عذاب اور اسکے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور میرے پاس اُن کے آنے سے پناہ چاہتا ہوں۔

ان کے علاوہ آیت الکرسی اور چاروں قُل پڑھنے کی بھی فضیلت ہے۔

سو کر اٹھنے کی دعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں مار کر زندگی بخش دی، اور ہمکو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

بیت الخلاء میں جاتے وقت کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

اللہ کے نام سے اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنّوں سے مرد ہوں یا عورت۔

بیت الخلاء سے نکلتے وقت کی دُعاء

غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔

اے اللہ تجھ سے بخشش کا سوال کرتا ہوں سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دُور کی اور مجھے چین دیا۔

وضو شروع کرتے وقت کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ۔

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اُوپر دین اسلام کے۔

وضو کے بعد کی دعاء

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اسکے رسُول ہیں۔ اے اللہ مجھ کو توبہ کرنیوالوں میں اور خوب پاکی حاصل کرنیوالوں میں اور اپنے نیک بندوں میں بنائیے۔

اذان کے بعد کی دُعاء

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

اے اللہ اے پروردگار اس پوری پکار کے اور قائم ہونے والی نماز کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ عطا فرمایئے اور ان کو مقام محمود میں کھڑا کیجئے جس کا آپنے ان سے وعدہ کیا ہے۔ اور ہم کو قیامت میں ان کی شفاعت سے بہرہ مند فرمایئے۔ بیشک آپ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔

اذان کے جواب میں وہی کہے جو مؤذن کہتا ہے۔ صرف حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے۔ اور صبح کی اذان میں جب مؤذن اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہے تو جواب میں صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ کہے۔ جو کلمات اذان کے جواب میں کہے وہی اقامت کے جواب میں بھی کہے جب اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ سُنے تو یوں کہے: اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا۔

مسجد میں داخل ہونے کی دعاء

پہلے دایاں پاؤں مسجد میں رکھیں پھر بایاں پاؤں۔ اور دُرود شریف پڑھکر یہ دُعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔ اے اللہ میرے لئے رحمت کے دروازے کھول دے۔

مسجد سے باہر نکلتے وقت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔ اے اللہ میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔

نماز کے بعد سلام پھیر کر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تین بار کہہ کر یہ دعاء پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

الٰہی تو ہی سلامتی والا ہے۔ اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے۔ تو بڑا بابرکت ہے اے بزرگی و بخشش والے۔

وتر پڑھ کر

تین مرتبہ یہ دُعا پڑھے

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ۔

پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ یعنی اللہ کی جو بہت زیادہ پاک ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد

۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھے۔ ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنے کے بھی بہت فائدے ہیں۔

جب چاند دیکھے

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَهِلَالَ رُشْدٍ وَّخَيْرٍ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ۔

اے اللہ یہ چاند ہم پر امن و امان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ نکال۔ اور بہتری کا چاند ہے۔ میرا تیرا پروردگار اللہ ہے۔

روزہ افطار کرتے وقت

اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔

اے اللہ میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق سے روزہ کھولا۔

افطار کے بعد کی دُعا

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

جاتی رہی پیاس اور تر ہوگئیں رگیں اور ثابت ہوگیا ثواب انشاء اللہ تعالیٰ۔

دوسرے کے یہاں اِفطار کرنے کی دعاء

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔

افطار کیا کریں تمہارے یہاں روزہ دار لوگ اور کھایا کریں تمہارے کھانے کو نیک لوگ، اور رحمت کی دُعاء کیا کریں تمہارے لئے فرشتے۔

اور یہ بھی پڑھے تو بہتر ہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔

تراویح کی دُعاء

ہر چار تراویح کے بعد بیٹھکر پڑھے

سُبْحَانَ ذِى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ، سُبْحَانَ ذِى الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ، سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ۔

پاکی بیان کرتا ہوں میں عالمِ ارواح اور اعلامِ اجسام والے کی۔ پاک ہے عزت وعظمت اور ہیبت وقدرت اور بڑائی اور غلبہ والا۔ پاک ہے وہ بادشاہ جو زندہ ہے۔ جو نہ سوتا ہے اور نہ مرتا ہے بڑا پاک ہے نہایت پاک، ہمارا رب ہے اور فرشتوں اور رُوحوں کا رب ہے۔ اے اللہ ہم کو دوزخ سے بچا۔ اے اللہ بچانے والے اے بچانے والے اے بچانے والے۔

کھانا شروع کرتے وقت کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ۔

اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت کے ساتھ۔

کھانا کھانے کے بعد کی دُعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور بنایا مسلمانوں میں سے۔

جب کسی دوسرے کے یہاں کھانا کھائے

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَ اسْقِ مَنْ سَقَانِیْ۔

اے اللہ کھلا اس کو جس نے مجھے کھلایا اور پلا اس کو جس نے مجھے پلایا۔

دودھ پی کر پڑھے

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ۔

اے اللہ تو اس میں ہمیں برکت دے اور ہم کو زیادہ دے۔

پانی یا کوئی چیز بیٹھ کر اور تین سانس میں داہنے ہاتھ سے پیئے اور بسم اللہ پڑھکر پیئے۔ اور بعد میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے۔

کپڑا پہنتے وقت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَ اَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ۔

شکر ہے اللہ کا جس نے مجھے ایسا لباس پہنایا کہ میں اس سے اپنا ستر چھپاتا ہوں اور زینت کرتا ہوں اس سے اپنی زندگی میں۔

دولہا دولہن کی مبارکباد کی دعا

بَارَكَ اللّٰہُ لَكَ وَبَارَكَ اللّٰہُ عَلَیْكَ وَجَمَعَ بَیْنَكُمَا فِیْ خَیْرٍ۔

برکت دے اللہ تجھ کو اور برکت نازل کرے اللہ تجھ پر اور ملاپ رکھے تم دونوں میں خیر کے ساتھ۔

کسی کو رخصت کرتے وقت

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَكَ وَ اَمَانَتَكَ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِكَ۔

اللہ کے سپرد کرتا ہوں تیرے دین کو اور تیری قابلِ حفاظت چیزوں کو۔ اور تیرے عمل کے انجام کو۔

سفر کرتے وقت

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَسِیْرُ۔

اے اللہ آپ ہی کی مدد سے حملہ کرتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے پھرتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے چلتا ہوں۔

سواری پر سوار ہوتے وقت

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

پاکی ہے اس کی جس نے ہمارے قبضہ میں کر دیا اس کو، اور نہ تھے ہم اس کو قابو میں کرنے والے۔ اور ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں

سفر شروع کرنے کے بعد

اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا ھٰذَا السَّفَرَ وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ۔

اے اللہ آسان کر دیجئے ہم پر اس سفر کو۔ اور طے کرا دیجئے ہم سے درازی اس کی۔ اے اللہ آپ ہی رفیق ہیں سفر میں، اور خبر گیراں ہیں گھر بار میں۔ اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی سفر کی مشقت سے اور بُری حالت دیکھنے سے، اور واپس آکر بُری حالت پانے سے مال میں اور گھر میں اور بچوں میں۔

سفر سے واپس آنے کے بعد

اٰئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ۔

ہم سفر سے آنے والے ہیں توبہ کرنے والے ہیں۔ عبادت کرنے والے ہیں، اپنے پروردگار کی حمد کرنے والے ہیں۔

کشتی یا جہاز میں سوار ہوتے وقت

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔

اللہ کے نام سے اسکا چلنا اور ٹھہرنا ہے۔ بیشک میرا پروردگار ضرور بخشنے والا اور مہربان ہے۔

جب بادل آتا دیکھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِهٖ۔

اے اللہ ہم پناہ مانگتے ہیں آپ کی اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ یہ بھیجا گیا ہو۔

بارش کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا۔

اے اللہ مفید مینہ برسانا۔

جب بارش زیادہ ہو

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ۔

اے اللہ ہمارے آس پاس برسا تیے اور ہمارے اوپر نہیں۔ اے اللہ ٹیلوں پر اور نیستانوں پر پہاڑوں پر نالوں پر اور درختوں کے موقعوں پر۔

جب نیا پھل دیکھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا۔

اے اللہ ہمارے پھلوں میں برکت دے اور ہمارے شہر اور ناپ میں برکت دے۔

ملاقات کے وقت

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ۔

تم پر سلامتی ہو۔

جواب میں

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

اور تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں

مصافحہ کرتے وقت

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ۔

اللہ ہماری اور تمہاری بخشش فرمائے۔

جب کوئی صدمہ پہونچے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ فِیْھَا خَیْرًا۔

ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ مجھ کو اس مصیبت میں اجر عطا کر۔ اور اس کا نعم البدل مرحمت فرما۔

جب چھینک آئے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔

اللہ کی حمد ہے۔

چھینکنے والے کے جواب میں

یَرْحَمُکَ اللّٰہُ۔

اللہ تم پر رحم کرے۔

پھر چھینکنے والا کہے

یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ۔

اللہ تمکو ہدایت دے اور تمہاری حالت درست کرے۔

جب بازار جائے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

خدا کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہت اور اسی کے لئے تعریف ہے۔ وہ جلاتا اور مارتا ہے۔ اور وہ زندہ ہے زندہ رہے گا۔ اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

جب بُرا خواب دیکھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ (تین بار)

میں اللہ کی پناہ مردود شیطان سے مانگتا ہوں۔

مغفرت اور عفو کی دُعائیں

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔

میرے پروردگار مجھے بخش اور میری توبہ قبول فرما بیشک تو بہت توبہ قبول کرنیوالا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔

الٰہی تو بہت معاف کرنے والا ہے۔ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے تو مجھے معاف فرما۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ۔

خُدایا میری تقصیر، میری نادانی، میری اپنے کام میں زیادتی اور جس کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے معاف کر۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَھَزْلِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ۔

الٰہی مجھ سے سچ مچ اور ہنسی سے اور غلطی سے اور ارادہ سے جو تقصیر ہوئی ہو معاف فرما اور یہ سب مجھ سے ہوا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ۔

الٰہی میرے اگلے پچھلے کھلے چھپے اور جن گناہوں کو تو زیادہ جانتا ہے معاف فرما۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا

اے اللہ میں نے اپنے نفس پر بہت ہی ظلم کیا ہے اور تیرے سوا کوئی مغفرت نہیں کرتا

اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔

اپنی طرف سے مغفرت فرما۔ تو بڑی مغفرت اور رحم کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا كَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ۔

اے اللہ مجھ میں اور میری غلطیوں میں اتنی دوری کردے جتنی مشرق و مغرب میں ہے۔ اے اللہ مجھے گناہوں سے ایسا صاف کردے جس طرح سفید کپڑا صاف کیا جاتا ہے۔ اے اللہ میرے گناہوں کو پانی، برف سے، اولے سے دھودے۔

اخلاق وصفاتِ حسنہ کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ۔

اے اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی، تو میرے اخلاق بھی اچھے کر۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ۔

اے اللہ میں تجھ سے صحت ایمان کے ساتھ اور ایمان حسنِ اخلاق کے ساتھ مانگتا ہوں

اِھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ

مجھے توفیق دے اچھی خصلتوں کی، اچھی خصلتوں کی توفیق تو ہی دے سکتا ہے۔ اور بری خصلتیں مجھ سے دور کر۔ بری خصلتوں کو تو ہی دور کر سکتا ہے

اَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا۔

تجھ سے سچی زبان، صاف دل اور درست اخلاق مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ

اے اللہ میں تجھ سے نیکیوں کے عمل کی اور بُری باتوں کے چھوڑ دینے کی اور غریب بے چارہ لوگوں سے محبت کی دُعا کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَيْنِیْ صَغِيْرًا وَّفِیْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا۔

اے اللہ مجھے بہت صابر بہت شاکر اور مجھے میری نگاہ میں حقیر اور دوسروں کی نگاہ میں بڑا بنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ اِعْدِلْ فِیَّ قَضَاءُكَ وَاَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجِلَاءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ سُبْحَانَ اللّٰهِ

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں، اور تیرے بندے کا لڑکا ہوں، اور تیری لونڈی کا بیٹا ہوں میری پیشانی تیرے ہاتھ ہے۔ تیرا حکم مجھ پر جاری ہے۔ تیرا فیصلہ مجھ پر انصاف کا ہے میں تجھے تیرے ہر نام کے وسیلے سے جو تو نے اپنا رکھا ہے یا اپنی کتاب میں اُتارا ہے یا کسی کو سکھایا ہے اپنی مخلوق سے یا علم غیب میں تو نے رکھا کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میری آنکھوں کی روشنی اور میرے غم کی صفائی اور میرے رنج کی دُوری فرما۔

پاک ہے اللہ جو بڑے عرش کا مالک ہے۔

رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ وَلَا ضُرًّا اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

تعریف ہے اللہ کی جو تمام عالم کا پالنے والا ہے (اے اللہ) میں تجھ سے تیری رحمت و مغفرت کے اسباب اور ہر گناہ سے حفاظت اور ہر نیکی کا حصول اور ہر گناہ سے سلامتی طلب کرتا ہوں۔ مت چھوڑ میرا کوئی گناہ مگر اس کو معاف کر دے اور نہ کوئی غم مگر اس کو کھول دے، نہ کوئی تکلیف مگر اس کو دُور کر دے، اور نہ کوئی مصیبت مگر اس کو کھول دے۔ نہ کوئی حاجت جو تیری رضامندی کی ہو مگر اس کو پورا فرما دے اے رحم کرنے والوں میں بڑے رحم کرنیوالے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَشَوْقًا اِلٰى لِقَائِكَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِيَ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَيَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْبًا لَا تَغْفِرُهٗ۔

اے اللہ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں رضامندی فیصلہ کے بعد اور زندگی کا آرام موت کے بعد۔ اور تیرے دیدار کا مزہ اور تیرے ملنے کا اشتیاق بغیر کسی سختی کے جو پریشان کرے اور فتنہ سے جو گمراہ کرے، اور پناہ لیتا ہوں تیری اس بات سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا میں حد سے بڑھوں یا مجھ پر حد سے بڑھا جائے۔ میں کوئی غلطی یا گناہ کروں جس کو تو نہ معاف کرے۔

وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ۔

میری زبان کو درست کر، میرے دل کو سیدھا رکھ، اور میرے سینہ کے روگ کو نکال دے، اے اللہ مجھے اس پر قانع کر دے جو تو نے مجھے دیا۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ۔

اے زندہ اور اے سنبھالنے والے تیری رحمت سے فریاد کرتا ہوں میری ساری حالت درست کر دے، اور مجھے میری طبیعت پر ایک لمحہ کیلئے نہ چھوڑ۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً۔

اے اللہ میرا باطن میرے ظاہر سے بہتر کر، اور میرا ظاہر اچھا کر۔

اخلاقی و روحانی امراض و عیوب سے نجات کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بُرے اخلاق بُرے اعمال اور بُری خواہشات سے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں جھگڑے دورخی اور بد خلقی سے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں عاجزی

وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ۔

سستی، بزدلی اور بخل سے، اور کفر سے گناہ سے، جھگڑے سے، شہرت کی خواہش اور دکھاوے سے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِیْ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں غیر مفید علم سے اور ایسے دل سے جو نہ ڈرے اور ایسی طبیعت سے جو سیر نہ ہو اور میرے دل کی جلن کو دور کر دے۔

انسانی ضروریات کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ الْعَافِيَةَ فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ۔

اے اللہ میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور آرام و سلامتی اپنے دین میں اور دنیا اور گھر والوں اور مال میں۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

یا اللہ ہمارا ہر گناہ بخش دے، ہر فکر دور فرما دے ہر قرض ادا کروا دے۔ اور دنیا اور آخرت کی ضرورت پوری کر دے، سب رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ۔

ہمارا قرض ادا کروا دے۔ اور ہم کو فقر سے غنی کر۔

مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَ قُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔

ہم کو اپنے کانوں سے اپنی آنکھوں سے اور اپنی قوت سے فائدہ اٹھانے کا موقع دے، اور اس کو ہمارے بعد باقی رکھ اور ہمارا انتقام لے اُن لوگوں سے جو ہم پر ظلم کریں۔ اور ہماری مدد کر ہمارے دشمنوں پر۔ اور ہم پر ایسے کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا۔

اے اللہ ہم کو بڑھا اور مت گھٹا اور ہمیں عزت دے، اور ہمیں ذلیل نہ کر، اور ہمیں عطا فرما اور ہمیں محروم نہ رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

اے اللہ ہمارا انجام اچھا کر تمام کاموں میں اور ہمکو دُنیا اور آخرت کی ذلت سے بچا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ۔

اے اللہ میں کمزور ہوں مجھے مضبوط کر میں ذلیل ہوں مجھے عزت دے، میں محتاج ہوں مجھے رزق دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ فِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَفِيْ رُوْحِيْ وَفِيْ خَلْقِيْ وَفِيْ خُلُقِيْ وَفِيْ اَهْلِيْ وَفِيْ مَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ۔

اے اللہ میں تجھ سے چاہتا ہوں کہ میری سماعت میری نگاہ میری رُوح میرے جسم میرے اخلاق میرے متعلقین اور میری زندگی اور میری موت میں برکت دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ۔

اے اللہ میری سب سے زیادہ کشادہ روزی میرے بڑھاپے اور میرے خاتمہ کے وقت کر۔

اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَ زِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا۔

اے اللہ ہماری زمین میں اس کی برکت، رونق اور آبادی رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَ الْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَالٍّ وَّلَا مُضِلٍّ۔

یا اللہ میں اچھا مال متعلقین اور ایسی لائق اولاد چاہتا ہوں جو نہ گمراہ ہو اور نہ گمراہ کرنے والی ہو۔

دُنیاوی مکروہات اور بلاؤں سے حفاظت کی دُعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَالْهَرَمِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ۔

اے اللہ میں فکر وغم سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور قرض کے بوجھ اور لوگوں کے دَبا لینے سے، اور بہت ضعیف اور بوڑھے ہوجانے سے، اور اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں لوٹا دیا جاؤں نکمی عمر تک۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں مصیبت کی مجبوری اور بدبختی اور بُرے فیصلہ اور

وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْفَاقَةِ وَالذِّلَّةِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ۔

دشمنوں کے ہنسنے سے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں فقر و محتاجی اور ذلت سے اور اس سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ یَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَیْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكْمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّئِ الْاَسْقَامِ۔

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں دب کر، گر کر ڈوب کر اجل کر مرنے سے، اور بہت زیادہ بڑھاپے سے، اور اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ شیطان مجھے مرتے وقت بہکا دے، اور اس سے کہ تیرے راستے میں پیٹھ پھیرتے ہوئے مروں، اور اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ سانپ کے کاٹے سے مروں۔ اور تیری پناہ چاہتا ہوں دل کی سختی غفلت، محتاجی، ذلت اور خواری سے۔ اور تیری پناہ مانگتا ہوں فقر سے، اور تیری پناہ مانگتا ہوں بہرہ پن، گونگے پن، دیوانگی، جذام اور برے امراض سے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَمِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِیْعُ وَمِنَ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری نعمت سے چھٹ جانے سے اور تیری سلامتی کے ہٹ جانے سے، اور تیرے انتقام کی ناگہانی سے اور بھوک سے، اسلئے کہ بری ہمبستر ہے۔ اور دجال کی

فِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَإِذَا أَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِي غَيْرَ مَفْتُوْنٍ۔

آزمائش سے، اور قبر کے عذاب سے، اور زندگی اور موت کی آزمائش سے، اور جب تو لوگوں کو آزمانا چاہے تو مجھے بغیر آزمائش اُٹھالے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ۔

اے اللہ تیری پناہ مانگتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جس کی پیشانی تو پکڑے ہوئے ہے (تیرے قبضہ میں ہے)۔

اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ۔

اے اللہ ہمارا انجام اچھا کر تمام کاموں میں اور ہمکو نجات دے دُنیا کی ذلت اور آخرت کے عذاب سے۔

دین وایمان خدا کی محبّت، خوف وطاعت کی دُعائیں

اَللّٰهُمَّ أَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

اے اللہ ہماری مدد فرما اپنی یاد اپنے شکر اور اپنی اچھی بندگی پر۔

اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا وَأَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ۔

خُدایا میری طبیعت کو خوف واحتیاط دے اور اس کو پاک کر۔ تجھ سے اچھا اسکو پاک کرنیوالا کوئی نہیں۔ تو ہی اسکا کارساز و مالک ہے۔ الٰہی دِلوں کے پھیرنے والے

يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ۔

ہمارے دلوں کو اپنی فرماں برداری پر پھیر دے۔ اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا۔

اے اللہ ہمیں اپنے خوف کا ایسا حصہ دے جو ہمارے اور تیری نافرمانیوں کے درمیان آڑ بن جایا کرے۔ اور ایسی فرماں برداری جس سے تو ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دے اور ایسا یقین جس سے تو ہم پر دنیا کی مصیبتیں ہلکی بنا دے۔

اَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ۔

تجھ سے تیرا ڈر مانگتا ہوں حاضر و غائب میں اور سچائی کی بات خوشی اور غصہ میں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ اَهْلِيْ وَمِنْ نَفْسِيْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ

اے اللہ میں تجھ سے تیری محبت کا سائل ہوں اور اس کی محبت کا جو تجھ سے محبت کرے۔ اور اس عمل کا جو مجھے تیری محبت کو پہنچا دے۔ اے اللہ اپنی محبت کو مجھے اپنے گھر والوں سے اپنی جان سے اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ مرغوب کر دے۔ اے اللہ مجھ پر ایسا رحم کر کہ ہمیشہ جبتک تو مجھے زندہ رکھے گناہوں سے بچتا رہوں۔

اَنْ اَتَكَلَّفَ مَالَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ۔

اور ایسی چیز کے پیچھے نہ پڑوں جو میرے مطلب کی نہ ہو، اور مجھے بصیرت عطا فرما ان چیزوں کی جو تجھے مجھ سے خوش کریں۔

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْاِيْمَانَ وَ زَيِّنْهُ فِيْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ اِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ وَ اجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ۔

اے اللہ ہمیں ایمان محبوب بنا دے اور اس کو ہمارے دلوں میں اچھا رکھ، اور ہمیں انکار گناہ اور نافرمانی سے نفرت پیدا کر دے، اور ہمکو نیک چلن بنا دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَ اجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ خَلْفِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ مِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا وَاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا۔

اے اللہ میرے دل میں روشنی کر، میرے کان میں روشنی کر، میری آنکھ میں میرے سامنے میرے پیچھے میرے نیچے روشنی کر، اور میرے لئے روشنی بڑھا۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ كَاَنِّيْ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ وَ اَسْعِدْنِيْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ۔

اے اللہ مجھے ایسا خوف عطا فرما جیسے میں تجھے ہمیشہ دیکھتا ہوں، اور مجھے اپنے تقویٰ سے خوش نصیب کر۔ اور اپنی نافرمانی سے بدنصیب نہ بنا۔

وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَ لَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَ لَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا۔

ہمارے دین میں کوئی مصیبت نہ ڈال۔ اور دُنیا کو ہمارا سب سے بڑا مقصد کل معلومات اور سب سے بڑی خواہش نہ بنا۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّكَ اَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ اِخْوَةٌ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اِجْعَلْنِيْ مُخْلِصًا لَكَ وَاَهْلِيْ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

اے اللہ ہمارے پروردگار اور ہر چیز کے پالنے والے میں گواہ ہوں کہ تو اکیلا پروردگار ہے۔ تیرا کوئی ساجھی نہیں۔ اے اللہ ہمارے پالنے والے اور ہر چیز کے پالنے والے میں گواہ ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کی رحمت اور سلام ہو ان پر جو تیرے بندے اور تیرے پیغمبر ہیں۔ اے اللہ ہمارے پالنے والے اور ہر چیز کے پالنے والے میں گواہ ہوں کہ سارے بندے بھائی بھائی ہیں۔ اے اللہ ہمارے پالنے والے اور ہر چیز کے پالنے والے مجھے اور میرے متعلقین کو دُنیا اور آخرت میں ہر وقت مخلص رکھ۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

مجھے اللہ کافی ہے وہی معبود ہے، اسی پر بھروسہ کرتا ہوں، وہ بڑے عرش کا رب ہے۔

اس دُعا کے متعلق رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو کوئی صبح و شام اس دُعا کو سات سات مرتبہ پڑھ لیا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو دُنیا و آخرت کی مصیبتوں اور رنج و

غم سے نجات عطا فرمائے گا۔

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا۔

میں اللہ کے رب اور اسلام کے دین اور محمد کے نبی ہونے سے راضی و خوش ہوں۔

اس دعا کو جو کوئی صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھا کریگا اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کے دن خوش ہوگا۔ (مسند احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دین و دنیا کی جامع دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ۔

الٰہی میں تجھ سے بخشش اور سلامتی چاہتا ہوں دنیا اور آخرت میں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَيِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔

خدایا میں تجھ سے ہدایت، خدا ترسی، پاکدامنی اور استغنا کا سوال کرتا ہوں، خدایا میں تجھ سے مفید علم، پاک روزی اور مقبول عمل مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَ عَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ۔

خدایا میری بخشش فرما، مجھ پر رحم کر، مجھے سلامتی دے اور رزق عطا کر۔

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَ اَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ

اے اللہ میرے لئے میرا دین بنا دے جو میرا آسرا ہے، اور میرے لئے میری دنیا بنا دے جو میری زندگی ہے۔ اور میرے لئے

وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوةَ زِیَادَةً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ۔

میری آخرت بنادے جس میں مجھے لوٹ کر جانا ہے، اور زندگی کو میرے لئے ہر بھلائی میں ترقی کا ذریعہ بنا۔ اور موت کو ہر برائی سے نجات کا سبب بنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَیْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَا وَبَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

الٰہی میں تجھ سے ایسا لطف چاہتا ہوں جو ختم نہو، اور آنکھ کی ایسی ٹھنڈک جو زائل نہو، اور تجھ سے چاہتا ہوں تیرے فیصلہ پر تسلیم و رضا، اور موت کے بعد پُر لطف زندگی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عَیْشَةً نَقِیَّةً وَمِیْتَةً سَوِیَّةً۔

اے اللہ میں تجھ سے اچھی زندگی اور اچھی موت چاہتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔

اے اللہ ہمارا انجام اچھا کر تمام کاموں میں، اور ہم کو دُنیا اور آخرت کی رُسوائی سے بچا۔

قرآن کی دعائیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اے ہمارے پروردگار ہمیں دے دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی، اور ہم کو بچا جہنم کے عذاب سے۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ۔

اے ہمارے پروردگار ہمکو نہ پکڑ اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں۔ اے ہمارے پروردگار نہ رکھ ہم پر بوجھ جیسے تو نے اُن لوگوں پر رکھا جو ہم سے پہلے تھے، اور مت اُٹھوا ہم سے وہ جس کی ہمیں طاقت نہیں۔ اور معاف کر ہمیں اور بخش اور رحم کر ہم پر تو ہمارا سہارا ہے، ہماری مدد کر نہ ماننے والوں پر۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

اے ہمارے پروردگار نہ ٹیڑھے کر ہمارے دل اسکے بعد کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور عطا کر ہم کو اپنے پاس سے رحمت، بیشک تو بہت دینے والا ہے۔

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّکُمْ فَاٰمَنَّا

اے ہمارے پروردگار ہم نے سُنا ایک پکارنے والے کو ایمان کیلئے پکارتا ہے تو ہم ایمان

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ۔

لے آئے پس ہمارے پروردگار ہمارے گناہ معاف کر، اور ہماری برائیاں مٹا دے اور ہمکو اٹھا نیکوں کے ساتھ۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ۔

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو میرا کارساز ہے دُنیا اور آخرت میں، مار مجھ کو اپنا فرمانبردار بنا کر اور ملا مجھ کو نیکوں سے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔

اے ہمارے پروردگار ہمکو اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں درستی کر۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ۔ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ۔ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ۔

اے ہمارے پروردگار ہماری بیویوں اور اولاد سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی کر، اور ہمکو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا، اور مجھے رُسوا نہ کرنا اس دن جب سب اُٹھائے جائیں جس دن کام نہ آئیگا مال نہ اولاد۔ مگر جو لائے اللہ کے پاس دل صاف۔

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ

اے میرے پروردگار مجھے توفیق دے کہ شکر کروں تیرے اس احسان کا جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیا اور اسکا کہ میں ایسے

أَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ۔

کام کروں جس سے تو راضی ہو، اور مجھے داخل کر اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ۔ رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ۔

اے ہمارے پروردگار تو ہر چیز پر اپنی رحمت سے حاوی ہے، بخش اُن لوگوں کو جنہوں نے رجوع کیا اور تیرے راستہ کی پیروی کی، اور انکو بچا جہنم کے عذاب سے۔ اے ہمارے پروردگار ان کو داخل کر ہمیشگی کے باغوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے، اور جو لائق ہوں ان کے باپ دادوں اور بیویوں اور اولاد میں بیشک تو غالب اور حکمت والا ہے۔ اور ان کو بچا برائیوں سے۔ اور جس کو تو بچائے برائیوں سے اُس دن تو تو نے اس پر رحم کیا، اور وہ بڑی کامیابی ہے۔

وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ۔

اور میری اولاد میں صلاحیت دے، اور میں تیری طرف رجوع ہوا۔ اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ۔

اے ہمارے پروردگار بخش ہمکو اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے۔ اور نہ کر ہمارے دلوں میں برائی ان لوگوں کیلئے جو ایمان لائے اے پروردگار، بیشک تو بڑی شفقت والا مہربان ہے۔

چند اوراد و وظائف

- سورۂ یٰسین شریف کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کو پڑھ لے تو اس کی شام تک کی تمام حاجتیں پوری کر دی جاتی ہیں۔ اور سورۂ اخلاص اور سورۃ الناس اور سورہ فلق تینوں کو جو شخص تین تین مرتبہ صبح و شام پڑھ لے وہ ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہیگا انشاء اللہ تعالیٰ۔
- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پوری سورۃ پر مداومت کرنے سے بارش کی طرح رزق آتا ہے۔
- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سورۃ پر مداومت کرنے سے لوگوں کے شر سے سلامتی و حفاظت رہیگی۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ هُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ کی مداومت کرنے سے خیر و برکت اور رزق کھنچے چلے آتے ہیں۔
- سورۂ واقعہ اور یٰسین پر مداومت کرنے سے بارش کی طرح رزق آتا ہے
- سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پر مداومت سے کثرت سے رزق اور خیر حاصل ہوتے ہیں۔
- سورۂ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ پر مداومت کرنے سے بھوک اور پیاس کی تکلیف سے حفاظت رہتی ہے۔
- سورۂ شعراء لکھ کر تجارت کی جگہ میں ٹانگنے سے بیع اور شراء کثرت سے ہوگی۔ اور مال محفوظ بھی رہیگا۔
- سورۂ قصص لکھ کر جس چیز پر لٹکا دیں تو وہ چیز تلف ہونے سے محفوظ رہے گی۔
- تسخیرِ حکام بلکہ تمام مخلوق کے لئے ضرورت کے وقت جس کی چاہے نیت کرلے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور ہزار بار یا پانچسو بار دعائے ذیل بعد عشاء یا تہجد یا فجر پڑھے، اور شروع پنجشنبہ سے کرے۔ دعا یہ ہے:

یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِلُطْفِكَ یَا عَزِیْزُ۔

دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

اَللّٰھُمَّ اکْفِنَاھُمْ بِمَا شِئْتَ
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

اے اللہ کافی ہوجایئے ہم کو اُنکے مقابلہ میں جس طرح آپ چاہیں۔ اے اللہ میں آپ کو مقابلہ میں کرتا ہوں ان کے۔ اور پناہ چاہتا ہوں آپ کی ان کے شر سے۔

اس دُعاء کو کثرت سے پڑھے اور تینوں جگہ ھم پر دشمن کا تصور کرے۔

ملنے کا پتہ

جامعۃ البنات المسلمات لالپور حمیر سنبھل روڈ مرادآباد۔